**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ

8اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- کور کمیٹی کی متفقہ قرارداد کی منظوری کے بعد چیئرمین کا منصب تاحیات بانی چیئرمین جناب عمران خان کیلئے مختص
- چیئرمین عمران خان کی جیل سے بھجوائی گئی خصوصی ہدایات کی روشنی میں یومِ آزادی کو بھرپور انداز میں منانے کا فیصلہ
- پاکستان تحریک انصاف پاکستان اور دنیا بھر میں یومِ آزادی کی مناسبت سے خصوصی تقریبات منعقد کرے گی
- چیئرمین عمران خان کی منظوری سے تحریک انصاف کا مشترکہ مفادات کونسل کے فیصلوں کو عدالتِ عظمیٰ کے روبرو چیلنج کرنے کا بھی اعلان
- انتخابات کو التواء کا شکار کرنے کی ہر کوشش کی بھرپور قانونی وسیاسی مزاحمت پر اتفاق
- قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد انتخابات کے بہر صورت 90روزہ آئینی مدت ہی میں انعقاد پر اصرار
- بنیادی حقوق اور شخصی آزادیوں کے تحفظ کیلئے آفیشل سیکرٹ ایکٹ میں کی گئی ترامیم کو بھی عدالتِ عظمیٰ کے روبرو چیلنج کرنے کا فیصلہ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- فسطائی سرکار کی جانب سے قوانین کو خون آشام بنانے کے سلسلے کی راہ روکیں اور حقوق و شخصی آزادیوں کا ہر حال میں تحفظ کریں گے۔
- تحریک انصاف کو "بلّے" کے انتخابی نشان سے محروم کرنے کی ہر کوشش کی بھی بھرپور مزاحمت کا فیصلہ
- "بلّے" کا انتخابی انشان بطور جماعت ہمارا حق ہے، سلب کرنے کی قابلِ مذمّت کوشش کی گئی تو ہر ممکن قانونی وسیاسی طریقے سے چیلنج کریں گے۔
- قانونی ٹیم کی جانب سے توشہ خانہ فیصلے کیخلاف اپیل، چیئرمین عمران خان سے جیل میں وکلاء و دیگر کی ملاقاتوں سمیت متعلقہ امور پر تفصیلی بریفنگ

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ